## رائے عامہ سروے
## موضوع: " صارف / کمرشل مصنوعات "

# دو تہائی پاکستانی گھرانوں کے مطابق عام طور پر اُن کے گھروں میں بغیر آیوڈین ملا نمک استعمال کیا جاتا ہے۔ آیوڈین ملا نمک کو استعمال کرنے کی شرح شہری علاقوں میں زیادہ اور میٹرو پولیٹن شہروں میں سب سے زیادہ پائی گئی:

**(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،**

اسلام آباد، 03 مارچ، 2021

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 64% پاکستانیوں کے مطابق عام طور پر اُن کے گھروں میں بغیر آیوڈین ملا نمک کا استعمال ہوتا ہے۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، **"عام طور پر آپ کے گھر میں کونسا نمک استعمال ہوتا ہے؟** اس سوال کے جواب میں 29% جوابدہندگان کے مطابق وہ عام طور پر اپنے گھر میں آیوڈین ملا نمک استعمال کرتے ہیں، جبکہ 64% جوابدہندگان کے مطابق وہ عام طور پر اپنے گھر میں عام نمک استعمال کرتے ہیں۔ تاہم 7% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**دیہی و شہری علاقوں کے نتائج کا موازنہ: دیہی علاقوں کی نسبت شہری علاقوں میں آیوڈین ملا نمک کا استعمال زیادہ کیا جاتا ہے۔**
جبکہ ناخواندگی کی وجہ سے دیہی علاقوں میں آیوڈین ملا نمک کو استعمال نہ کرنے کی شرح زیادہ پائی گئی ہے، اور ملک بھر میں بھی لوگ آیوڈین نمک سے پرہیز کرتے دیکھے گئے ہیں۔ جب پوچھا گیا کہ عام طور پر آپ کے گھر میں کونسا نمک استعمال ہوتا ہے؟ تو شہری علاقوں میں رہنے والے 56% جوابدہندگان اور دیہی علاقوں میں رہنے والے 68% جوابدہندگان کے مطابق وہ عام طور پر اپنے گھر میں عام نمک استعمال کرتے ہیں، جبکہ آیوڈین ملا نمک کو استعمال کے حوالے سے یہ شرح شہری علاقوں میں رہنے والے جوابدہندگان میں 36% اور دیہی علاقوں میں رہنے والے جوابدہندگان میں 25% پائی گئی، تاہم 8% شہری علاقوں میں رہنے والے جوابدہندگان اور 6% دیہی علاقوں میں رہنے والے جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**یہ کیوں ضروری ہے؟**
پاکستان میں، 76% خواتین اور 64% اسکول جانے والی عمر کے بچوں میں آئوڈین کی کمی پائی گئی ہے۔ کیونکہ نمک کا استعمال دنیا بھر میں ہوتا ہے اور یہ سستا بھی ہے جبکہ حکومت آئوڈائزڈ نمک کے استعمال پر زور دیتی ہے۔ آئوڈین کی کمی کو ذیانت میں کمی، سستی/کاہلی، مُردہ بچوں کی پیدائش، گِلھڑ اور دیگر بیماریوں سے منسلک کیا جاتا ہے۔

**آیوڈین نمک کے حوالے سے غلط فہمیاں:**
آیوڈین نمک کے حوالے سے بہت ساری غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں جن کا علم و ادب میں مطالعہ کیا گیا ہے مثلاً یہ عقیدہ/یقین کہ آئوڈائزڈ نمک بانجھ پن کا سبب بنتا ہے۔ یہ وہم اور افواہیں بڑے پیمانے پر صحت کے بحران کا سبب بنتی ہیں۔ سیلاب اور زمینی کٹاؤ کی وجہ سے مجموعی طور پر پاکستان میں آیوڈین ڈیفیشیٹ سوئل کا معاملہ مزید خراب ہوا ہے۔ گیلپ پاکستان اس موضوع پر مزید تحقیق کی تجویز پیش کرتا ہے جس میں نمک کے نمونوں کے معائنے کیے جا سکتے ہیں۔ یہ سروے لوگوں کے تصورات پر مبنی ہے اور اس میں یاد کرنے یا یاداشت کے حوالے سے غلط اندازے ہو سکتے ہیں۔

" عام طور پر آپ کے گھر میں کونسا نمک استعمال ہوتا ہے؟"




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1080 مرد و خواتین سے 24 دسمبر تا 15 جنوری 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔ جواب دہندگان کا تعلق پاکستان کے 100 سے زائد اضلاع سے ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 03 March 2021**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2021

celebrating 41 years of Gallup Pakistan
(1980-2021)